SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XV مجریہ ۱۹۸۳

SINDH ORDINANCE NO.XV OF 1983

زرعی پیداوار مارکیٹیں (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۳

THE AGRICULTURAL PRODUCE MARKETS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1983

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۴ کی ترمیم
Amendment of section 4 of Punjab Ordinance V of 1939
۳۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ 4-A کی ترمیم
Amendment of section 4-A of Punjab Ordinance V of 1939
۴۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ٦ کی ترمیم
Amendment of section 6 of Punjab Ordinance V of 1939
۵۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ۸ کی ترمیم
Amendment of section 8 of Punjab Ordinance V of 1939
۶۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ١٦ کی ترمیم
Amendment of section 16 of Punjab Ordinance V of 1939
۷۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۱۹ کی ترمیم
Amendment of section 19 of Punjab Ordinance V of 1939
۸۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ 24-A کی ترمیم

Amendment of section 24-A of Punjab Ordinance V of 1939

۹۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۲۶ کی ترمیم

Amendment of section 26 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۰۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۲۷ کی ترمیم

Amendment of section 27 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۱۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ۲۸ کی ترمیم

Amendment of section 28 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۲۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۳۲ کی ترمیم

Amendment of section 32 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۳۔ ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۳۴ کی ترمیم

Amendment of section 34 of Punjab Ordinance V of 1939

سندھ آرڈیننس نمبر XV مجریہ ۱۹۸۳

SINDH ORDINANCE NO.XV OF 1983

زرعی پیداوار مارکیٹیں (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۳

THE AGRICULTURAL PRODUCE MARKETS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1983

[۷ دسمبر ۱۹۸۳]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے زرعی پیداوار مارکیٹیں ایکٹ، ۱۹۳۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ زرعی پیداوار مارکیٹیں ایکٹ، ۱۹۳۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو زرعی پیداوار مارکیٹیں (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۴ کی ترمیم
Amendment of section 4 of Punjab Ordinance V of 1939

۲۔ زرعی پیداوار مارکیٹیں ایکٹ، ۱۹۳۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۴ میں، ذیلی دفعات (۲) اور (۳) کے لیئے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"(۲)ایسے نوٹیفکیشن کی تاریخ کے بعد اور دفعہ ۷ کے تحت مارکیٹ کمیٹی قائم ہونے کے بعد، کوئی بھی شخص، جب تک کچھ کسی قانون کے متضاد نہ ہو، جب تک اس کو اس ایکٹ کے تحت استثنیٰ نہ ہو، مذکورہ مارکیٹ علاقے میں کوئی ایسی جگہ بنا نہیں سکتا، جب تک زرعی پیداوار کی خریداری، ذخیرے یا فروخت کے لیئے ، لائسنس کے شرائط ور ضوابط کے مطابق ہو۔

۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ 4-A کی ترمیم
Amendment of section 4-A of Punjab

(۳) حکومت ذیلی دفعہ (۱) کی گنجائشوں کے تحت کسی علاقے کو مارکیٹ ایریا سے باہر نکال یا شامل کر سکتی ہے۔

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 4-A میں، الفاظ "مذکورہ طریقیکار کے تحت" کے بعد الفاظ "اور ایسی زرعی

پیداوار کی صورت میں وہ عام نیلامی کی ذریعے فروخت نہیں کی جائے گی، وہ ایسے طریقیکار کے تحت فروخت کی جائے گی، جیسے بیان کیا گیا ہو" کو شامل کیا جائے گا۔

Ordinance V of 1939 ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ٦ کی ترمیم
Amendment of section 6 of Punjab Ordinance V of 1939

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ٦ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "کوئی شخص جو مذکورہ مارکیٹ ایریا میں ڈیلر کے طور پر کام کرنا چاہتا ہے وہ درخواست دے سکتا ہے" کے لیئے الفاظ "کوئی شخص جو مذکورہ مارکیٹ ایریا میں کام کرتا ہے یا ڈیلر کے طور پر کام کرنا چاہتا ہے وہ درخواست دے گا" کو متبادل بنایا جائے گا۔

Ordinance V of 1939 ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ٨ کی ترمیم
Amendment of section 8 of Punjab Ordinance V of 1939

۵۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ٨ کی ذیلی دفعہ (۳) میں:
(i) شقوں (a) اور (b) کی ذیلی شق (i) میں، لفظ "ضلع" کے لیئے الفاظ "مذکورہ مارکیٹ ایریا" سے متبادل بنایا جائے گا؛
(ii)شقوں (a) اور (b) کی ذیلی شق (iii) میں الفاظ "ترجیحی طور پر" کو ختم کیا جائے گا۔

Ordinance V of 1939 ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ١٦ کی ترمیم
Amendment of section 16 of Punjab Ordinance V of 1939

٦۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ١٦ کی ذیلی دفعہ (۳) میں، عدد "۱۰" کے لیئے عدد "۱۱" کو متبادل بنایا جائے گا۔

Ordinance V of 1939 ۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ١٩ کی ترمیم
Amendment of

۷۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ١٩ میں:
(a) ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "وہ طے کر سکتی ہے لیکن وہ ریٹ زیادہ سے زیادہ ریٹ سے زائد نہ ہو"

کے لیئے الفاظ "ہو سکتا ہے" کو متبادل بنایا جائے گا؛
(b)ذیلی دفعہ (۲) میں، الفاظ، اعداد اور بریکیٹس "ذیلی دفعہ (۱) کے تحت فی کا بیس فیصد" کے لیئے الفاظ "مارکیٹ کمیٹی کی ساری کمائی کا پندرہ فیصد" کو متبادل بنایا جائے گا۔

section 19 of Punjab Ordinance V of 1939
۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ -24 A کی ترمیم
Amendment of section 24-A of Punjab Ordinance V of 1939

۸۔ دفعہ 24-A میں:
(a)ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ "حکومت" کو الفاظ اور کاماؤں "ڈائریکٹرر جنرل، بیورو آف سپلائی اینڈ پرائیسز، سندھ" سے متبادل بنایا جائے گا؛
(b)ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "صوبائی حکومت" کے لیئے الفاظ اور کاماؤں "ڈائریکٹرر جنرل، بیورو آف سپلائی اینڈ پرائیسز، سندھ" سے متبادل بنایا جائے گا؛
(c)ذیلی دفعہ (۴) کو ختم کیا جائے گا۔

۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۲۶ کی ترمیم
Amendment of section 26 of Punjab Ordinance V of 1939

۹۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۲۶ کی ذیلی دفعہ (۳) میں، فل اسٹاپ سے پہلے الفاظ "اور جرمانے کی رقم کی ادائگی میں ناکامی پر سزا یافتہ کو مزید عام قید کی سزا ملے گی جو ایک ماہ سے زائد نہ ہوگی" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۲۷ کی ترمیم
Amendment of section 27 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۰۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۲۷ کی ذیلی دفعہ (۲) میں:
(a) شق (vii) میں، الفاظ "زیادہ سے زیادہ" ختم کیئے جائیں گے؛ اور
(b)شق (xix) میں، لفظ "مارکیٹ" کے بعد الفاظ "اور ایسی صورت میں جہاں زرعی پیداوار عام نیلامی کے ذریعے فروخت نہ کی جا سکے، اس طریقیکار کے مطابق جس کے تحت وہ فرخت کی جائے گی" شامل کیئے جائیں گے۔

۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ۲۸

کی ترمیم
Amendment of section 28 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۱۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۲۸ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، آخر میں آنے والے الفاظ "پچاس روپے" کو الفاظ "پانچ سو روپے" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۳۲ کی ترمیم
Amendment of section 32 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۲۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۳۲ میں، لفظ "کمشنر' کو الفاظ اور کاماؤں "ڈائریکٹر جنرل، بیورو آف سپلائی اینڈ پرائیسز، سندھ" سے متبادل بنایا جائے گا۔

۱۹۳۹ کے پنجاب ایکٹ V کی دفعہ ۳۴ کی ترمیم
Amendment of section 34 of Punjab Ordinance V of 1939

۱۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۳۳ کے بعد، مندرجہ ذیل دفعہ کا اضافہ کیا جائے گا:

"**زمین حاصل کرنا**۔ جہاں مارکیٹ کمیٹی کی طرف سے اس ایکٹ کے تحت کوئی کام کرنے کے لیئے کوئی زمین طلب کی جائے، وہ زمین کی طلبی ایکٹ، ۱۸۹۴ کے تحت حاصل کی جائے گی، اور مارکیٹ کمیٹی ڈائریکٹر جنرل، بیورو آف سپلائی اینڈ پرائیسز، سندھ کی پیشگی منظوری سے، حکومت کو زمین کے حصول کے لیئے لکھ سکتی ہے۔"۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔